Department of Social Services
Human Resources Administration
Department of Homeless Services
Office of Child Support Services

# NYC دفتر برائے امداد اطفال کی خدمات
# والدین کی کامیابی کا پروگرام: نشہ کا علاج
## اکثر پوچھے گئے سوالات (Frequently Asked Questions, FAQs)

ان والدین کے لیے جن پر نیو یارک سٹی محکمہ برائے سماجی خدمات (New York City Department of Social Services, NYC DSS) کا مستقل طور پر تفویض کردہ امداد اطفال کا قرض ہے، NYC کا دفتر برائے امداد اطفال کی خدمات (Office of Child Support Services, OCSS) کا والدین کی کامیابی کا پروگرام (Parent Success Program) نشہ کا علاج یا ملازمتی خدمات کا ایک منظور شدہ پروگرام مکمل کر کے اس قرض کو $7,500 تک کم کرنے میں آپ کی مدد کر سکتا ہے۔

ہم یہ پروگرام کیوں پیش کر رہے ہیں؟ OCSS اس بات کو سمجھتا ہے کہ قرض کی مغلوب کن مقدار والدین کے لیے خود اپنی زندگیوں کو بہتر بنانا اور اپنے بچوں کا تعاون کرنا مشکل تر بنا سکتی ہے۔

DSS کے اہل قرار یافتہ ملازمت پروگرام میں شرکت کر کے NYC DSS کا قرضہ کم کرنے کے طریقے کے بارے میں معلومات کے لیے، براہ کرم **"والدین کی کامیابی کے لیے پروگرام: ملازمت سے متعلق اکثر پوچھے گئے سوالات (Parent Success Program: Employment FAQs) نامی پرچے سے رجوع کریں۔"**

**میں کیسے پتہ کروں کہ آیا مجھ پر مستقل طور پر تفویض شدہ امداد اطفال کا قرضہ ہے؟**
والدین کی کامیابی کا پروگرام مستقل طور پر تفویض کردہ قرض، جو NYC DSS کا واجب الادا ہے، جو تب ہوتا ہے جب آپ کے بچے کو نقد اعانت کی مراعات مل رہے ہونے کے دوران آپ کی امداد اطفال کی پوری ادائیگی نہیں ہوتی ہے۔ یہ پتہ کرنے کے لیے کہ آیا آپ پر NYC محکمہ برائے سماجی خدمات کا قرض باقی ہے:

- HRA کے دفتر برائے امداد اطفال کی خدمات (OCSS) کے کسٹمر سروس واک ان سینٹر میں جائیں، ایک ورچوئل میٹنگ شیڈول کریں، یا فیملی کورٹ میں کسی OCSS میں جائیں۔ امداد اطفال کے کارکن کے ساتھ اپنے کیس کا جائزہ لینے کو کہیں۔ مزید معلومات کے لیے https://on.nyc.gov/contactocss پر جائیں؛ یا

- اپنے ادویاتی معالجہ فراہم کنندہ سے پوچھیں کہ آیا ان کے پاس امداد اطفال کی اسنیپ شاٹ (Child Support Snapshot) ہے۔ اگر ان کے پاس ہے تو آپ انہیں امداد اطفال کے اپنے کیس پر نگاہ ڈالنے کی اجازت دے سکتے ہیں۔ وہ آپ کو بتا سکتے ہیں کہ آیا آپ پر DSS کا قرض باقی ہے اور آپ پر کتنی رقم باقی ہے۔ DSS کا قرض جو دوسری کاؤنٹی یا ملک میں باقی ہے وہ اس پروگرام میں شامل نہیں ہے۔

**اب مجھے کیا کرنا ہے؟**
ان تین (3) آسان اقدامات پر عمل کریں:

1. اپنا ادویاتی معالجہ پروگرام پورا کریں۔ آپ کا پروگرام نیو یارک اسٹیٹ کے دفتر برائے الکحل پسندی اور ممنوعات کے بیجا استعمال سے متعلق خدمات (Office of Alcoholism and Substance Abuse Services, OASAS) سے مصدقہ ہونا ضروری ہے۔ اگر آپ کسی آؤٹ پیشنٹ یا رہائش پر علاج پروگرام میں ہوں تو آپ اہل قرار پا سکتے ہیں۔ آؤٹ پیشنٹ پروگرام NYC ہیومن ریسورسز ایڈمنسٹریشن (Human Resources Administration, HRA) سے منظور شدہ ہونا ضروری ہے۔ آپ پر پروگرام کے سبھی تقاضے 90 دنوں تک پورا کرنا لازم ہے۔ ضرر کی تخفیف کا پروگرام اور میتھاڈون معالجہ پروگرامز اہل قرار نہیں پاتے ہیں۔
2. اپنے ادویاتی معالجہ فراہم کنندہ سے سرٹیفکیٹ یا خط لیں جس میں مذکور ہو کہ آپ نے اپنا پروگرام مکمل کر لیا ہے اور اپنا پروگرام آپ کے مکمل کرنے کی تاریخ درج ہو۔ آپ سے NYC DSS/HRA کو یہ اجازت دیتے ہوئے ایک فارم پر دستخط کرنے کو کہا جائے گا کہ اگر ہمیں مزید معلومات درکار ہوں تو آپ کے ادویاتی معالجہ فراہم کنندہ کو کال کریں۔
3. اپنی دستاویزات OCSS کو بذریعہ ڈاک یا ای میل بھیجیں یا انہیں بذات خود لائیں۔

**میں اس امر کا ثبوت کیسے بھیجوں کہ میں نے ادویاتی معالجہ مکمل کر لیا ہے؟**
آپ دستاویزی شہادت 3 طریقوں سے بھیج سکتے ہیں: ڈاک، ای میل یا دستاویزات بذات خود لائیں۔ اگر آپ کوئی خط ڈاک سے بھیج رہے ہیں یا ای میل کر رہے ہیں تو، یہ یقینی طور پر لکھیں کہ آپ والدین کی کامیابی کے پروگرام میں اندراج کروانا چاہتے ہیں۔ اپنا پورا نام، امداد اطفال کا کیس ID، اور تاریخ پیدائش شامل کرنا ضروری ہے۔

(صفحہ پلٹیں)

**بذریعہ ڈاک:** **والدین کی کامیابی کا پروگرام**
**(Parent Success Program)**
NYC Office of Child Support Services
P.O. Box 830, Canal Street Station
New York, NY 10013

**بذریعہ ای میل:**
ParentSuccess@dfa.state.ny.us

**بذات خود:**

**OCSS CUSTOMER SERVICE WALK-IN CENTER**
151 West Broadway, 4th Floor
New York, NY 10013

**MANHATTAN FAMILY COURT**
60 Lafayette Street, 1st Floor
New York, NY 10013

**BRONX FAMILY COURT**
900 Sheridan Avenue, LM Floor
Bronx, NY 10451

**QUEENS FAMILY COURT**
151-20 Jamaica Avenue, 4th Floor
Jamaica, NY 11432

**BROOKLYN FAMILY COURT**
330 Jay Street, 12th Floor
Brooklyn, NY 11201

**STATEN ISLAND FAMILY COURT**
18 Richmond Terrace
Staten Island, NY 10301

**اپنا ادویاتی معالجہ مکمل کرنے کے بعد مجھے کتنی جلدی اپنا ثبوت فراہم کرنا ضروری ہے؟**
آپ اپنا معالجہ پورا کرنے کے بعد کبھی بھی اسے بھیج سکتے ہیں۔ جس تاریخ کو آپ نے علاج پورا کیا وہ 1 دسمبر 2024 کو یا اس کے بعد کی ہونی چاہیے۔

**اپنا ثبوت دے دینے کے بعد، امداد اطفال کا میرا قرض کم ہونے میں کتنا وقت لگے گا؟**
اس میں آٹھ (8) ہفتے تک لگ سکتے ہیں۔ OCSS کو آپ کی دستاویزات موصول ہو جانے پر، ہم دیکھیں گے کہ آیا آپ پر NYC DSS کا قرض باقی ہے۔ ہم آپ کے ادویاتی معالجہ فراہم کنندہ کو کال کرکے یہ دیکھ سکتے ہیں کہ آپ نے اپنا معالجہ پروگرام پورا کر لیا ہے۔ ہمیں آپ کے اہل قرار پانے کا علم ہو جانے پر، NYC DSS کا آپ کا جتنا قرض کم ہوا ہے اس کی رقم کے ساتھ، ہم آپ کو ای نوٹس میل کریں گے۔ اگر آپ اہل قرار نہیں پاتے ہیں تو ہم آپ کو بتاتے ہوئے ایک نوٹس میل کریں گے۔

**ادویاتی معالجہ میں میرے شامل ہونے کے دوران، کیا میری امداد اطفال ادا نہیں کرنے پر میرے خلاف نفاذ کی کارروائی ہو سکتی ہے؟**
ہاں۔ تمام قابل اطلاق نفاذ کی کارروائیاں جاری رہیں گی۔

**میں پورے 7,500$ کی تخفیف کے لیے کیسے اہل قرار پاؤں؟ کیا اسے موصول کرنے کے لیے مجھے پر 7,500$ یا زائد واجب ہونا ضروری ہے؟**
اگر آپ پر DSS کے قرض کے مد میں 7,500$ یا اس سے زائد واجب ہے تو آپ اسے 7,500$ تک کم کروانے کے اہل قرار پا سکتے ہیں۔ آپ کو یہ بتاتے ہوئے اپنے ادویاتی معالجہ فراہم کنندہ کی جانب سے خط بھیجنا ضروری ہے کہ آپ نے معالجہ مکمل کر لیا ہے۔ نہیں، آپ پر کم سے کم 7,500$ واجب ہونا ضروری نہیں ہے۔ 7,500$ تک کی کسی بھی رقم کو OCSS کم کرے گا۔

**کیا میں والدین کی کامیابی کے پروگرام میں ایک سے زائد مرتبہ اندراج کروا سکتا ہوں؟**
ہاں، آپ ایک سے زائد مرتبہ اندراج کروا سکتے ہیں۔ اگر آپ نے دوسرا ادویاتی معالجہ پروگرام مکمل کیا اور آپ پر DSS کا مزید قرض باقی ہے تو آپ دوسری تخفیف کے لیے اہل قرار پا سکتے ہیں۔ تاہم، ادویاتی معالجہ پروگرام مکمل کرنے کے لیے کل زیادہ سے زیادہ جتنا قرض کم کیا جا سکتا ہے اس کی رقم 7,500$ ہے۔

**اگر میں امداد اطفال ادا کرتا ہوں تو کیا مجھے ملاقات حاصل ہو سکتی ہے؟**
نیو یارک سٹی میں، دو مختلف عدالتیں امداد اطفال کے آرڈرز اور ملاقات کے حقوق سے متعلق فیصلہ کرتی ہیں۔ اگر آپ کو اپنے بچے سے ملنے کے آپ کے حق کے بارے میں معلومات یا مدد درکار ہے تو، فیملی لیگل کیئر (Family Legal Care) کو 343-1122 (212) پر کال کریں یا familylegalcare.org/helpline ملاحظہ کریں۔

**میرے اضافی سوالات ہیں؟ مجھے کیا کرنا چاہیے؟**
DSS کے ملازمت پروگرام یا ادویاتی معالجہ پروگرام سے OCSS کے "والدین کے لیے کامیابی پروگرام" کے بارے میں پوچھیں، یا OCSS سے بذریعہ ای میل، بذات خو، یا ڈاک رابطہ کریں۔ مزید معلومات کے لیے https://on.nyc.gov/contactocss پر جائیں۔

**کیا آپ کو کوئی طبی یا ذہنی صحت کی کیفیت یا معذوری لاحق ہے؟** کیا یہ کیفیت آپ کے لیے اس نوٹس کو سمجھنا یا اس میں کیے گئے تقاضے پر عمل درآمد کو مشکل بناتی ہے؟ کیا یہ کیفیت آپ کے لیے HRA میں دیگر خدمات حاصل کرنا مشکل بناتی ہے؟ **ہم آپ کی مدد کر سکتے ہیں۔** ہمیں **718-557-1399** پر کال کریں۔ جب آپ HRA کے دفتر جائیں تو آپ وہاں بھی مدد طلب کر سکتے ہیں۔ آپ کو قانون کے تحت اس قسم کی مدد طلب کرنے کا حق ہے۔